بہاولپور بورڈ 2017ء (پہلا گروپ)

رول نمبر (ہندسوں میں) ________ رول نمبر (لفظوں میں) ________ دستخط ناظم امتحان: ________

کل نمبر: 60 **انشائی طرز (حصہ اوّل)** وقت: [illegible] گھنٹے

سوال 2: کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 5 × 2 = 10

(i) قرآن کریم کتنے عرصے میں نازل ہوا؟ کون سا فرشتہ قرآنی آیات لایا کرتا تھا؟
(ii) عقیدہ توحید کی وضاحت کریں۔
(iii) قرآن کریم کی تلاوت میں احتیاط سے کیا مراد ہے؟
(iv) حدیث کی رُو سے دانائی کی بنیاد کیا ہے؟
(v) حضرت موسیٰ علیہ السلام کی پیدائش کے وقت مصر کے حالات کیسے تھے؟
(vi) کوئی سے دو ممالک کے نام لکھیے جن میں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ہجرت کی؟
(vii) آزر نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو کیا جواب دیا؟
(viii) فرعون کے دربار میں حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کون سا معجزہ دکھایا؟

سوال 3: کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 5 × 2 = 10

(i) قرآن کریم نے عقیدہ قیامت کے بارے میں کیا فرمایا ہے؟ تحریر کریں۔
(ii) اہل عرب کی کس گمراہی کو قرآن مجید نے "ضلال مبین" کا نام دیا ہے؟
(iii) نماز کے چار فوائد تحریر کریں۔
(iv) مذہب جب کاروبار بن جائے تو اس کے کیا نقصانات ہوتے ہیں؟
(v) "[illegible] کا سماں" کسے کہا جاتا ہے؟
(vi) مسلمانوں نے یہودیوں کا قلع قمع کس طرح کیا؟
(vii) شعب ابی طالب میں آنحضورﷺ اور ساتھیوں کا وقت کس طرح گزرا؟

سوال 4: کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 5 × 2 = 10

(i) اسم کی تعریف تحریر کریں۔
(ii) لفظ "قرآن" سے کیا مراد ہے؟
(iii) رسالت کا مفہوم بیان کیجیے۔
(iv) تعلیم حکمت پر مختصر نوٹ تحریر کریں۔
(v) حقوق کی اقسام لکھیے۔
(vi) میثاق مدینہ کے دو نکات تحریر کریں۔
(vii) غزوہ بدر کے دو نتائج تحریر کریں۔

(حصہ دوم)

سوال 5: درج ذیل قرآنی آیات میں سے دو کا ترجمہ اور تشریح کیجیے: 5,5

(الف) قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۫ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ

(ب) هُوَ الَّذِیْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ كُلِّهٖ ؕ

(ج) یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِیْ نَزَّلَ عَلٰی رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ ؕ

سوال 6: درج ذیل احادیث میں سے کسی ایک کا ترجمہ اور مختصر تشریح کیجیے: 5

(الف) اَلْمَاهِرُ بِالْقُرْاٰنِ مَعَ السَّفَرَةِ الْكِرَامِ الْبَرَرَةِ (ب) اِنَّ الدَّالَّ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهٖ

سوال 7: درج ذیل میں سے کوئی سے دو سوالات کے جوابات لکھیے: 5,5

(الف) حضرت موسیٰ علیہ السلام اور فرعون کے درمیان مکالمے پر نوٹ لکھیں۔
(ب) غزوہ بدر پر نوٹ تحریر کیجیے۔
(ج) نبی کریمﷺ کی بچوں پر شفقت پر نوٹ لکھیں۔

سوال 8: درج ذیل میں سے کسی ایک کا جواب تحریر کیجیے: 5

(الف) کلمہ کی تعریف کیجیے اور اس کی دو اقسام کی وضاحت دو دو مثالیں عربی میں دے کر کریں۔
(ب) مرکب لفظی کی تعریف کیجیے اور مثالیں عربی میں دیجیے۔